# New Model Paper
# Urdu (First Language)
# X Class 2020-21

Time : 3:15 Mts. Max. Marks : 100

PART - A & B

---

**طلباء کے لیے ہدایات:**

1۔ یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پارٹ A اور پارٹ B پر مشتمل ہے۔

2۔ پارٹ A میں I۔ سمجھنا۔ ردِعمل ظاہر کرنا اور II۔ اظہارِ مافی الضمیر اور تخلیقی صلاحیت کا اظہار پر مبنی ہے۔

3۔ پارٹ B III زبان شناسی پر مبنی ہے۔

4۔ سوالیہ پرچہ پارٹ A اور B کے مطالعہ کے لیے 15 منٹ اور سوالات کے جوابات کے لیے 3:00 گھنٹے مقرر ہیں۔

5۔ پارٹ A کے تمام سوالات کے جواب جوابی بیاض میں لکھیں۔ پارٹ B کے جوابات اسی پرچہ میں لکھیں۔

---

PART - A Marks : 70

---

**I۔ سمجھنا ۔ اظہارِ خیال کرنا** **(32 نشانات)**

1۔ ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجیے۔ 4 x 2 = 8

الف۔ وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا مرادیں غریبوں کی بر لانے والا
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی غلاموں کا مولیٰ

(یا)

(ب) اٹھ مری جان! میرے ساتھ ہی چلنا ہے تجھے
قلب ماحول میں لرزاں شرر جنگ ہیں آج
حوصلے وقت کے اور زیست کے یک رنگ ہیں آج
آبگینوں میں تپاں ولولۂ سنگ ہیں آج
حسن و عشق ہم آواز و ہم آہنگ ہیں آج

جس میں جلتا ہوں اسی آگ میں جلنا ہے تجھے
اٹھ مری جان! مرے ساتھ ہی چلنا ہے تجھے

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک بند کے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔ 4 x 2 = 8

(ج) نظر جھکائے ______ فطرت جبیں سے زلفیں ہٹا رہی ہے
سحر کا تارہ ہے زلزلے میں ________ کی لو تھرتھرا رہی ہے
روش روش ______ طرب ہے چمن چمن جشن رنگ و بو ہے
______ شاخوں پہ ہیں غزل خواں کلی کلی گنگنا رہی ہے

(د) خطا کار سے _ _ _ _ _ کرنے والا
بد اندیش کے دل میں _ _ _ _ کرنے والا
_ _ _ _ _ کا زیرو زبر کرنے والا
قبائل کو شیر و شکر _ _ _ _ _

3۔ مندرجہ ذیل جملوں کو ''درِیتیم'' کے سبق کی مناسبت سے ترتیب وار لکھیے۔ 4 x 2 = 8

(الف) ایک دن دوپہر کے وقت ایک قریشی چرواہا بھاگا ہوا آیا۔
(ب) عبداللہ جیسا لڑکا چراغ لے کر ڈھونڈو گے تو بھی سارے عرب میں نہ ملے گا
(ج) عبدالمطلب کے ایک چھوڑ دس بیٹے تھے
(د) عبدالمناف کے گھرانے میں شکار کا گوشت آیا

4۔ ذیل کی عبارت پڑھ کر مناسب جواب لکھیے۔ 4 x 2 = 8

ایک شخص حضرت امام اعظم ابوحنیفہ سے عرض کیا کہ میں نے کچھ روپئے ایک جگہ چھپا کر رکھ دیے تھے۔ اب وہ جگہ مجھے ہی یاد نہیں آتی میں کیا کروں۔ امام صاحب نے فرمایا آج تمام رات تم نماز پڑھو انشاء اللہ اللہ تعالیٰ کوئی صورت پیدا کر دیں گے۔ چنانچہ اُس شخص نے رات کو نماز پڑھنا شروع ہی کیا تھا کہ اسے یاد آ گیا کہ روپئے کہاں رکھے تھے۔ نماز چھوڑ کر روپئے لینے چلا گیا۔ صبح جب وہ آپ کے پاس آ کر سارا حال سُنایا تو آپ نے کہا ''ہاں شیطان کیسے برداشت کرتا کہ تم ساری رات نماز پڑھتے رہو۔ پھر بھی تمہیں چاہئے تھا کہ ساری رات نماز پڑھتے رہتے۔

(1) ایک شخص اپنا ماجرا لے کر کس کے پاس گیا؟

(2) آپ نے کیا تجویز بتائی؟

(3) وہ شخص کو اپنی چھپائے ہوئے مال کی جگہ کب یاد آئی؟

(4) جب وہ شخص سارا حال امام اعظم سے سُنایا تو انہوں نے کیا کہا؟

## II۔ اظہارِ مافی الضمیر ۔ تخلیقی اظہار (38 نشانات)

(الف) مندرجہ ذیل سوالوں میں کسی بھی تین (3) سوالوں کا جواب 4 یا 5 جملوں میں لکھیے ۔ 3 x 4 = 12

5۔ مرزا اسداللہ خاں غالب کے بارے میں لکھیے ۔

6۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کن کن عہدوں پر فائز رہے؟

7۔ نسخۂ کیمیا کسے کہا گیا اور کیوں؟

8۔ شہر میں رہ کر لوگ چاند کو بھولنے کی وجہ کیا ہے؟

9۔ حضرت بی بی آمینہؓ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(ب) مندرجہ ذیل سوالوں میں کسی بھی دو سوالوں کے جواب 10 جملوں میں لکھیے ۔ 2 x 8 = 16

10۔ نظم ''البیلی صبح'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

11۔ سلطان محمد قلی قطب شاہ کو اردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟

12۔ دیس کو کیسے لوگوں کی ضرورت ہے اور کیوں؟

13۔ حضرت محمد مصطفیٰؐ کے بچپن کے حالات لکھیے ۔

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تخلیقی رتوصیفی انداز میں لکھیے ۔ 1 x 10 = 10

14۔ آپ کے اسکول میں منائے گئے سالانہ جلسے کے متعلق اپنے دوست کو خط لکھیے ۔

(یا)

گاؤں اور شہر کے لوگ ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں تو ان کے درمیان کیا گفتگو ہوگی ۔ مکالموں کی شکل میں لکھیے ۔

......◆......

New Model Paper
Urdu (First Language)
X Class - 2020-21

Time : 30 Mts. | Max. Marks : 30

PART - B

---

**طلباء کے لیے ھدایات:**

1۔ ہر سوال کا جواب لکھیں۔
2۔ ہر سوال کے لیے 1 نشان مقرر ہے۔
3۔ پارٹ B کے سوالات کے جواب پارٹ B ہی میں لکھ کر پارٹ A کے ساتھ منسلک کریں۔
4۔ جوابات واضح ہوں۔ مبہم نہ ہوں
5۔ ایک بار جواب لکھنے کے بعد اُسکی تصحیح نہ کریں۔

---

**I۔ زبان شناسی: (30 نشانات)**

(الف) مندرجہ ذیل دیے گئے معروضی سوالات کے جوابات کو مناسب جواب کا انتخاب کر کے A/B/C/D کو دیے گئے قوسین میں لکھیے۔ 15 x 1 = 15

1۔ مضمون ''شہروں میں کوئی چاند کو ماما نہیں کہتا'' کے مصنف کی نشاندہی کیجیے۔ ( )
(A) مجتبیٰ حسین (B) ذاکر حسین (C) منور رانا (D) کشمیری لال ذاکر

2۔ ڈاکٹر عبدالکلام کے مضمون کی نشاندہی کیجیے۔ ( )
(A) دوسرا موسم (B) ترغیب (C) قلی قطب شاہ کا سفر نامہ (D) وطن کی خدمت کے ڈھنگ

3۔ طیور درختوں پر اپنا بسیرا کرتے ہیں۔ لفظ ''طیور'' کے معنی کیا ہے۔ ( )
(A) جانور (B) انسان (C) حیوان (D) پرندے

4۔ حضور اکرم ﷺ کی شان میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔ ( )
(A) نعت (B) حمد (C) قصیدہ (D) رباعی

5۔ تشبیہ کے ارکان ہیں۔ ( )
(A) 4 (B) 5 (C) 6 (D) 3

6۔ لفظ 'آواز' کا مترادف لفظ ہے۔ ( )

(A) صوت (B) جبل (C) خاموشی (D) مہک

7۔ ملک کی جمع ہے۔ ( )

(A) ملکاں (B) ملائک (C) مما لک (D) مملکت

8۔ ماہرینِ عروض نے اوزون مقرر کیے ہیں۔ ( )

(A) 16 (B) 20 (C) 18 (D) 19

9۔ کسی کی تعریف یا تذلیل کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا کہلاتا ہے۔ ( )

(A) مبالغہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) تلمیح

10۔ کیفی اعظمی کے مضمون کی نشاندہی کیجیے۔ ( )

(A) نعت (B) عورت (C) البیلی صبح (D) قصیدہ

11۔ لفظ ''غفلت'' کے فاعل کی نشاندہی کیجیے۔ ( )

(A) غفال (B) غفلتی (C) غافل (D) غفل

12۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کی پیدائش کے مقام کی نشاندہی کیجیے۔ ( )

(A) سکندرآباد (B) اورنگ آباد (C) احمدآباد (D) حیدرآباد

13۔ ذیل کے الفاظ میں سے مرکب لفظ کی نشاندہی کیجیے۔ ( )

(A) فطرت (B) عروسِ فطرت (C) عروس (D) محبت

14۔ دو حرفی لفظ جس کا پہلا حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو۔ کہلاتا ہے۔ ( )

(A) وتد (B) فاصلہ (C) سبب (D) اجزاء

15۔ یہ جلسہ کل شب کو مقرر ہے۔ لفظ 'شب' کی ضد کی نشاندہی کیجیے۔ ( )

(A) دن (B) رات (C) اندھیرا (D) خاموشی

(ب) ذیل کے سوالوں کے مناسب جواب لکھیے۔ 12 x 1 = 12

16۔ قصیدہ کس کی مدح میں لکھا گیا ہے؟

17۔ البیلی صبح نظم میں شاعر نے تاروں کو کس سے تشبیہہ دی ہے؟

_______________________________

18۔ ذاکر صاحب کو کس سے خاص لگاؤ تھا؟

_______________________________

19۔ نشیب و_____________ (خالی جگہ میں متضاد لفظ لکھیے )

20۔ بہشت کا مترادف لکھیے _____________۔

21۔ جب کسی لفظ کے حقیقی معنی کو ترک کر کے صرف مجازی معنی میں استعمال کیے جائے تو وہ کہلاتا ہے۔

_______________________________

22۔ ''احمد خوشی خوشی چلا گیا'' اس جملہ میں تکرار لفظی کی نشاندہی کیجیے۔ _____________

23۔ شعر میں کسی ایسی بات کو وجہ قرار دینا جو حقیقت میں اس کی وجہ نہ ہو کہلاتا ہے۔ _____________

24۔ کوئی بھی شخص اپنی زندگی کے حالات کو کتابی شکل دیتا ہے تو کیا کہتے ہیں۔ _____________

25۔ ایک مشہور فن ہے جس سے اشعار کا وزن معلوم کیا جاتا ہے، کہلاتا ہے۔ _____________

26۔ قصیدے کے اجزائے ترکیبی کتنے ہیں؟ _____________

27۔ محمد قلی قطب شاہ کی بنائی ہوئی ایک عمارت کا نام لکھیے ۔ _____________

(ج) ذیل میں دیے گئے تین الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 3 x 1 = 3

28۔ آغوش: _______________________________

29۔ زیست: _______________________________

30۔ ظرف: _______________________________

......◆......